## الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ طاہرہ خاتون کی علالت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

## حق پرست عوام محترمہ طاہرہ خاتون کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔25مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ طاہرہ خاتون کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ طاہرہ خاتون کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ محترمہ طاہرہ خاتون شدید علیل ہیں اوران دنوں مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## رحیم یارخان بیلا کے قریب ٹریفک حادثے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔25مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رحیم یارخان بیلا کے قریب ٹریفک حادثے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے اس افسوسناک واقعہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہاکہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے واقعہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی اورکیلئے دعا بھی کی۔

## قاضی احمد میں کوہاٹ جانے والی مسافر بس پر فائرنگ کھلی دہشت گردی اور بربریت ہے، رابطہ کمیٹی

## بعض عناصر سندھ میں فسادات کی سازشیں کررہے ہیں، سندھ کے مستقل باشندوں میں نفرتیں پیدا کررہے ہیں

## قاضی احمد میں ہونے والا دہشت گردی کا مذموم واقعہ اسی سازش کا حصہ ہے

کراچی:۔۔۔25مئی,2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ کے شہر قاضی احمد میں کوہاٹ جانے والی مسافر بس پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی پرزورالفاظ میں مذمت کی ہے اوردہشت گردی کے اس واقعہ میں متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ معصوم وبے گناہ مسافروں پر وحشیانہ فائرنگ کھلی دہشت گردی اور بربریت ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس سے لگتا ہے کہ بعض عناصر سندھ میں فسادات کی سازشیں کررہے ہیں، سندھ کے مستقل باشندوں میں نفرتیں پیدا کررہے ہیں اور قاضی احمد میں ہونے والا دہشت گردی کا یہ مذموم واقعہ بھی اسی سازش کا حصہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے اس واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے اورذمہ دارافراد کے خلاف کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کے اس واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورزخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## لکھی جمالی کی پھوپھی کے انتقال پر متحدہ سوشل فورم کی تعزیت

کراچی:۔۔۔25مئی2012ء

متحدہ سوشل فورم کے انچارج واراکین نے رکن لکھی جمالی کی پھوپھی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## گھوٹکی میں لڑکی کو کاروکاری کے الزام میں بہیمانہ قتل اور جھنگ میں خاتون ٹیچر پر تیزاب پھینکنے کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، رابطہ کمیٹی
## خواتین کے حقوق اور تحفظ کیلئے پارلیمنٹ میں منظور قراردادوں پرسختی سے عملدرآمد کرایا جائے
## ماورائے آئین وقانون اوراسکی دھجیاں بکھیر کر خواتین کے بنیادی حقوق کی پامالی میں ملوث سماج دشمن عناصر کو قرار واقعی سزادی جائے

کراچی:۔۔۔25 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جھنگ میں خاتون ٹیچر کو دوستی نہ کرنے پر اوباش لڑکوں کی جانب سے تیزاب پھینکنے اورگھوٹکی کے علاقے میر پور ماتھیلو میں لڑکی کو کاروکاری کے الزام میں باپ اور بھائی کی جانب سے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ملک بھر بالخصوص پنجاب میں خواتین پر تشدد اور فرسودہ رسومات کے تحت بہیمانہ قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات خواتین کے بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں اور ہر محبّ وطن شہری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کی کوششوں سے خواتین کے حقوق اوران کے تحفظ کیلئے پارلیمنٹ میں حقوق نسواں بل سمیت دیگر قراردادیں منظور کی جاچکی ہیں تاہم ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسردارانہ نظام اورفرسودہ رسومات کے تحت خواتین کوقتل کرنے اورانہیں تشدد کا نشانہ بنانے والے بااثر سماج دشمن عناصر اکثر اوقات آئین وقانون کی گرفت سے محفوظ رہتے ہیں اوران کے خلاف کوئی کارروائی دیکھنے میں نہیں آتی ہے جس کے باعث خواتین عدم تحفظ کا شکار ہیں اوران کے بنیادی حقوق بری طرح سے پامال کئے جارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ جھنگ میں اوباش لڑکوں کی جانب سے خاتون ٹیچر پر تیزاب پھینکنے اورمیر پور ماتھیلو میں کاروکاری کے الزام میں لڑکی کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،خواتین کے حقوق اوران کے تحفظ کیلئے پارلیمنٹ میں منظور کی گئی تمام قراردادوں اور بلوں پرسختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور ماورائے آئین وقانون اوراسکی دھجیاں بکھیر کر خواتین کے بنیادی حقوق کی پامالی میں ملوث سماج دشمن عناصر کو قرار واقعی سزادی جائے۔

## ہمیں فخر ہے کہ ہمارے قائد نے رسول اللہ ﷺ کی سنت پرعمل کرتے ہوئے مال وزر ٹھکرادیا اورحق پرستی کا راستہ اختیار کیا
## جس کی پاداش میں انہیں اپنے بھائی، بھتیجے اور ہزاروں ساتھیوں کی قربانی دینی پڑی، سلیم شہزاد
## ایم کیوایم میرپورخاص زون میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے اراکین رابطہ کمیٹی کا خطاب

میرپورخاص:۔۔۔25 مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رُکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک انقلابی تحریک ہے اور انقلابی تحریکوں کے کارکنان ہر قسم کی قربانی کے لیئے تیار رہتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم میرپورخاص میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی زندگی کو مشعل راہ بنالیں کیونکہ قائد تحریک الطاف حسین نے حق پرستی کی اس جدوجہد میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔اس جنرل ورکرز اجلاس میں سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین ظفر خان، عبدالخالق چانڈیو، حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان، حق پرست MPA فہیم احمد الطافی واراکین زونل کمیٹی سمیت ہزاروں کارکنان وخواتین نے شرکت کی۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کے زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ باطل قوتوں نے قائد تحریک الطاف حسین کو حق پرستی کی راہ سے ہٹانے کے لیئے ہر طرح کے حربے استعمال کیئے انہیں ہر طرح کا لالچ دی گئی، مال وزر کے ترازو میں تولنے کی کوشش کی گئی لیکن ہمیں فخر ہے کہ ہمارے قائد نے رسول اللہ ﷺ کی سنت پرعمل کرتے ہوئے مال وزر ٹھکرادیا اورحق پرستی کا راستہ اختیار کیا جس کی پاداش میں انہیں اپنے بھائی، بھتیجے اور ہزاروں ساتھیوں کی قربانی دینی پڑی۔اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی سید شاکر علی، جاوید کاظمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اس ملک میں سیاسی ومعاشی تبدیلی لانا چاہتی ہے لیکن وہ لوگ جو گزشتہ کئی سالوں سے کرپٹ اورموروثی سیاست کے سہارے اس ملک کے وسائل پر قابض ہوکر 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام کو غلامی کی زندگی گزارنے پر مجبور کررہے ہیں وہ یہ کبھی بھی برداشت نہیں کریں گے کے سب کو یکساں حقوق حاصل ہوں غریب ہاری اورکسان کا بیٹا جاگیرداروں اور وڈیروں کے برابر میں بیٹھے۔لہذا ان 02 فیصد استحصالی عناصر نے ایک مرتبہ پھر سازشوں کے جال بننا شروع کردیئے ہیں تاکہ سندھ دھرتی کے باسیوں کو آپس میں لڑوایا جاسکے اور پیار ومحبت کی فضاء کو ختم کرکے آپس میں نفرتوں کی دیواریں کھڑی کی جاسکیں۔انہوں نے کارکنان پر زوردیا کہ ان سازشوں کو سمجھیں اورآپس میں اتحاد واتفاق پیدا کریں تاکہ ان سازشوں کو ناکام بنایا جاسکے۔اجلاس سے ،سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور زونل انچارج فرید احمد خان نے بھی خطاب کیا۔

## شعبہ پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے چار یونٹس 2,4,5,7 کی تنظیم نو کردی گئیں

## تحریک کا بنیادی فکر و فلسفہ اور تحریک کی فکری اساس سے وابستگی ہی ہمیں ثابت قدم رکھ سکتی ہے، جوائنٹ انچارج پی ایس او سی

کراچی:۔۔۔25 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے شعبہ پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے چار یونٹس 2,4,5,7 کی تنظیم نو کردی گئیں۔اس سلسلے میں گزشتہ روز یونٹ 5 میں نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں کارکنان کا اجلاس منعقد کیا گیا۔جس میں یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔اجلاس پی ایس او سی کے جوائنٹ انچارج شریف علی رعنا نے نومنتخب عہدیداران کے ناموں کا اعلان کیا اور کہا کہ تحریک کا بنیادی فکر و فلسفہ اور تحریک کی فکری اساس سے وابستگی ہی ہمیں ثابت قدم رکھ سکتی ہے، پنجابی اور سرائیکی کارکنان تحریک کا ہراول دستہ ثابت ہونگے۔انہوں نے کہا کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شکر گزار ہیں جنکی کاوشوں سے قومی اسمبلی سے جنوبی پنجاب صوبہ کی قرار داد منظور ہوئی۔انہوں نے نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ تحریکوں میں ذمہ داریاں تحریکی کاموں کو تیزی سے آگے بڑھانے کیلئے دی جاتی ہے لہٰذا جن ساتھیوں کو ذمہ داریاں دی گئی ہیں اب ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے عمل وکردار سے تحریک کا پیغام گھر گھر پہنچائیں اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ان سے رابطے میں رہیں۔اس موقع پر تمام کارکنان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تحریک کو منزل تک پہنچانے کے لئے ہر امتحان میں ثابت قدم رہیں گے اور قائد تحریک اور تنظیم کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گے۔آخر میں یونٹس 2,4,5,7 نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا گیا۔اس موقع پر شعبہ پی ایس او سی کے مرکزی کمیٹی فضل اسلم رانا اور رئیس احمد خان نے بھی اظہار خیال کیا اور تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔

## جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی نے ملک میں انقلاب کی صورت اختیار کرلی ہے

## ملک کے 98 فیصد مظلوم عوام جناب الطاف حسین کو اپنا مسیحا سمجھتے ہیں، محمد شریف

حیدرآباد:۔۔۔25 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی نے ملک میں انقلاب کی صورت اختیار کرلی ہے اور ملک کے 98 فیصد مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا مسیحا سمجھتے ہیں جو انہیں ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ، باشعور، ایماندار افراد کو ملک کے ایوانوں میں بھیج کر یہ ثابت کردیا ہے کہ ایم کیو ایم ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے اور وہ دن دور نہیں جب اس ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ممکن ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ہی دراصل غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو ملک میں مظلوم عوام کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جن کا تعلق مڈل کلاس سے ہے اور وہ اس ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام کے احساس محرومی کو دور کرنے کیلئے عوامی انقلاب کے ذریعے تبدیلی لانا چاہتے ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ آج ملک بھر کے مظلوم عوام کی آواز بن گئی ہے جو ملک کے مظلوم عوام کو انکے جائز حقوق دلاکرہی رہے گی۔

## جناب الطاف حسین مظلوم ومحکوم کو جائز حقوق دلوانے کی جدوجہد میں مصروف عمل ہے، سید طیب حسین

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹر جی کے زیراہتمام علاقے کے بزرگوں کے استقبالیہ سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔25 مئی 2012ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین نے ایم کیو ایم حیدرآباد زون سیکٹر جی کے زیراہتمام علاقے کے بزرگوں کے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین مظلوم ومحکوم کو انکے جائز حقوق دلوانے کی جدوجہد میں مصروف عمل ہیں۔اس موقع پر سیکٹر جی کے ذمہ داران وکارکنان سمیت علاقے کے بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک اور قوم کی ترقی میں سب سے بڑی روکاوٹ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارنہ نظام اور موروثی سیاست ہے اور اس کے خاتمہ کیلئے ایم کیو ایم نے علم جہاد بلند کیا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم اپنے قیام سے لیکر آج تک اس فرسودہ جاگیردارنہ نظام اور موروثی سیاست کے خلاف برسرپیکار ہیں اور اب وہ دن دور نہیں جب اس ملک میں عوام کی حکمرانی اور فرسودہ جاگیردارنہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمہ کا سورج طلوع ہوگا۔

## جناب الطاف حسین نے ملک پر قابض 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کے ظلم وزیادتی اور ناانصافیوں کے خاتمہ کیلئے عوامی انقلاب کی سدا بلند کی، ذوالفقار علی خانزادہ

## جناب الطاف حسین نے ہمیشہ حق پرست قیادت کو بلاتفریق عوامی خدمت کا درس دیا، سہیل یوسف

## حیدرآباد زون سیکٹر سائیٹ کے زیراہتمام پختون، ہزارہ برادری کے بزرگوں اور نوجوانوں کا اجلاس سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔25 مئی 2012ء

ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر سائیٹ کے زیراہتمام پختون، ہزارہ برادری کے بزرگوں اور نوجوانوں کا اجلاس منعقد کیا گیا جسمیں ایم کیوایم حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ، رکن زونل کمیٹی وایم پی اے سہیل یوسف، سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان سمیت پختون، ہزارہ برادری کے بزرگوں اور نوجوانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ملک پر قابض 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کے ظلم وزیادتی اور ناانصافیوں کے خاتمہ کیلئے عوامی انقلاب کی سدا بلند کی اوراسی وجہ سے آج سازشی عناصروں نے ایک بار پھر سندھ دھرتی میں بسنے والے مظلوم عوام کے درمیان نفرتوں کی سیاست کوفروغ دینے کیلئے سازشیں شروع کر رکھی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تمام سازشوں کو ناکام بننے کیلئے تمام قومیتوں کے مظلوم ومحکوم عوام کوانکی سازشوں سے آگاہ کر رہی ہے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی بدولت آج مظلوم عوام ان مفاد پرست عناصروں کو پہچان چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ نے مظلوم عوام میں شعور وآگہی فراہم کی ہے جس سے سندھ دھرتی میں امن وخوشحالی اور بھائی چارے کی سیاست کوفروغ حاصل ہوا ہے اور ایم کیوایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جوصرف عوامی طاقت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے تمام قومیتوں کے مظلوم عوام کوایک گلدستہ کی مانند جمع کر کے سندھ دھرتی سے لسانیت وتعصب کی سیاست کا خاتمہ کیا اور آج سندھ دھرتی میں بسنے والے تمام قومیتوں کے مظلوم عوام متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم پر متحد ہیں۔اجلاس سے رکن زونل کمیٹی وایم پی اے سہیل یوسف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ حق پرست قیادت کو بلاتفریق عوامی خدمت کا درس دیا اور آج شہر بھر میں ہونیوالے ترقیاتی کام تمام قوموں کے علاقوں میں جاری جوعوامی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے فکر وفلسفے اور بلاامتیاز خدمت سے متاثر ہوکر تمام قوموں سے تعلق رکھنے والے افراد متحدہ قومی موومنٹ پر چم تلے متحد ہو گئے ہیں جو جاگیردارنہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمہ کی نوید ہے۔

## ذمہ داران وکارکنان قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کے فروغ کے لیے دن رات ایک کر دیں۔عابد گجر بھائی

گوجرانوالہ۔۔۔۔۔25 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گوجرانوالہ زون آفس میں زونل ذمہ داران کے اجلاس سے زونل انچارج عابد گجر بھائی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تحریک میں شامل ہر فرد پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفہ کے فروغ کے لیے دن رات ایک کر دیں اور جوتوقعات جناب الطاف حسین نے ہم سے کر رکھی ہیں ہم انہیں پورا کر کے دکھائیں گے انہوں نے کہا کہ تحریک میں شامل تمام کارکنان و ذمہ داران کو چاہیے کہ اپنے علم میں اضافہ کریں اور جناب الطاف حسین کے نظریہ فکر وفلسفہ کو مخلصی، دیانتداری، ایمانداری، کے ساتھ زیادہ سے زیادہ عام کریں انہوں نے کہا جو انقلاب سندھ کے شہروں میں آچکا ہے ایسا ہی انقلاب ہم پنجاب بھر میں برپا کر کے رہیں گے چاہے اس کے لیے ہمیں کتنی ہی قربانی کیوں نا دینی پڑیں ہم حق پرستی کی جدوجہد سے کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے انہوں نے کہا کہ ہم جناب الطاف حسین کے شکرگزار ہیں جنھوں نے پنجاب سمیت پاکستان بھر کے غریب، مظلوم اور محکوم طبقہ کے لئے آوازحق بلند کی۔اس موقع پر تمام کارکنان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ منزل تک پہنچنے کے لئے ہر امتحان میں ثابت قدم رہیں گے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کے اعتماد کوکبھی بھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔

## ملک میں امن وامان، پیار ومحبت اور بنیادی حقوق کے حصول کیلئے جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو اپنانا ہوگا

## میر پورخاص زون شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ عشرت بیگم کا سیکٹر C میں خواتین کے اجتماع سے خطاب

میر پورخاص۔۔۔۔۔25 مئی، 2012ء

میر پورخاص زون شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ عشرت بیگم نے سیکٹر C میں خواتین کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غریب اور مظلوعوام کی بقاء وسلامتی قائد تحریک الطاف حُسین بھائی کے ہاتھ مضبوط کرنے میں ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں موروثی اور کرپٹ سیاست نے جاگیرداروں اور وڈیروں کو بے پناہ طاقتور کردیا ہے جسکی وجہ سے وہ ریاست کے اندر ریاست بنا چکے ہیں اور آج جسطرح جاگیردار اور وڈیرے اپنی بادشاہت کو قائم ودائم رکھنے کے لیے ملک کے غریب اور متوسط طبقے کی عوام کا استحصال کررہے ہیں اسکی مثال نہیں ملتی ۔انہوں نے خواتین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر اس ملک میں امن وامان، پیار ومحبت، افہام وتفہیم اور تمام تر بنیادی حقوق چاہیں تو قائد تحریک الطاف حسین بھائی کے فکر وفلسفہ کو اپنانا ہوگا اور تمام تر مسائل کے پیدا کردہ جاگیردارانہ سسٹم سے نجات حاصل کرنی ہوگی انہوں نے مزید کہا ایم کیوایم وہ واحد جماعت ہے جس میں غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کو نمائندگی دی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے مسائل کو بہتر طور پر حل کرسکیں اس موقع پر جوائنٹ انچارج محترمہ رضیہ شریف، اراکین کمیٹی محترمہ اسماء تبسم، محترمہ رئیسہ اور محترمہ طیبہ نے بھی اظہار خیال کیا۔

## حق پرست عوامی نمائندے عوامی مسائل کے حل کی ہر ممکن کوشش کرتے رہیں گے

## حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی کی زونل آفس میں عمائدین شہر سے ملاقات کے دوران گفتگو

میر پورخاص۔۔۔۔۔25 مئی، 2012ء

حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی نے زونل آفس میں عمائدین شہر سے ملاقات کے دوران گفتگو کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے عوامی مسائل کے حل کی ہر ممکن کوشش کرتے رہیں گے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ میر پورخاص شہر میں بجلی کی غیر علانیہ لوڈ شیڈنگ جسکا دورانیہ 12 گھنٹے طویل ہوگیا تھا اور جسکی وجہ سے شہری اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور تھے اب کم کرکے دوبارہ 08 گھنٹے کردیا گیا ہے۔اس موقع پر فہیم احمد الطافی نے عمائدین شہر کو بتایا کہ انہوں نے عوامی مطالبہ پر اس گھمبیر مسئلہ کا نوٹس لیتے ہوئے حیسکو چیف مظفر عباسی سے فوری رابطہ کرکے انکی توجہ اس مسئلہ کی جانب مبذول کروائی جس پر حیسکو چیف مظفر عباسی نے فوری ایکشن لیتے ہوئے لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے سے کم کرکے 08 گھنٹے کردیا اور حیسکو چیف نے یقین دلایا کہ لوڈ شیڈنگ کے اس دورانیہ میں بھی مزید کمی کی جائیگی تا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مل سکے۔

## کراچی میں خون کی ہولی کھیلنے والے ملک دشمنوں کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے، فرید احمد خان

## ایم کیوایم امن پسند جماعت ہے جو کراچی سمیت پورے سندھ میں امن و بھائی چارے کی فضاء قائم رکھنا چاہتی ہے

میر پورخاص:۔۔۔۔25 مئی، 2012ء

کراچی میں خون کی ہولی کھیلنے والے ملک دشمنوں کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ یہ مطالبہ میر پورخاص زون کے انچارج فرید احمد خان نے کراچی میں منظّم سازش کے ذریعے پرُامن حالات کو خراب کرنے، کراچی کے معصوم اور بے گناہ شہریوں کے قتل عام اور کروڑوں روپے کی املاک کو جلانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی نے اپنے ایک مذمتی بیان میں مزید کہا کہ جرائم پیشہ عناصر اور ملک دشمن ایجنٹ جنھیں سندھ کی عوام نے رد کردیا ہے اب کھل کر سامنے آگئے ہیں اور وہ اپنی ناپاک سازشوں کے ذریعے کراچی کا امن تباہ کرکے پاکستان کی معیشت کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ چند دہشت گرد اور جرائم پیشہ عناصر نے کراچی میں ریلی کی آڑ میں باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت بے گناہ معصوم شہریوں پر گولیوں کی برسات کی اور پھر اسی فائرنگ کو جواز بنا کر بے گناہ لوگوں کی املاک کو جلا کر راکھ کا ڈھیر بنادیا۔انہوں نے ایسے دہشت گردوں اور سفاک قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ایک امن پسند جماعت ہے اور ایم کیوایم کراچی سمیت پورے سندھ میں امن و بھائی چارے کی فضاء قائم رکھنا چاہتی ہے جسکے لئے ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام بڑی سے بڑی قربانی دیتے آرہے ہیں اور اگر عوام کا پیمانہ صبر لبریز ہوگیا تو دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد سمیت امن دشمن عناصر کو کہیں پناہ نہیں ملے گی۔

## قائد تحریک الطاف حُسین کے فکر وفلسفہ کی بدولت ہی ملک کے غریب اور مظلوم عوام کے حقوق بحال ہونگے

## میر پورخاص زون کے جوائنٹ انچارج احمد رضا خان کا کارکنان سے اظہار خیال

میر پورخاص:۔۔۔۔25 مئی،2012ء

میر پورخاص زون کے جوائنٹ انچارج احمد رضا خان نے سیکٹر A میں یونٹ 2/B اور 2/C کے کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حُسین کے فکر وفلسفہ کی بدولت ہی ملک کے غریب اور مظلوم عوام کے حقوق بحال ہونگے ۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں موروثی اور کرپٹ سیاست نے جاگیرداروں اور وڈیروں کو بے پناہ طاقتور کردیا ہے جسکی وجہ سے وہ ریاست کے اندر ریاست بنا چکے ہیں اور آج جسطرح جاگیردار اور وڈیرے اپنی بادشاہت کو قائم ودائم رکھنے کے لیے اس ملک کے غریب اور متوسط طبقے کی عوام کا استحصال کررہے ہیں اسکی مثال نہیں ملتی ۔انہوں نے کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر اس ملک میں امن وامان ، پیار ومحبت ، افہام وتفہیم اور تمام تر بنیادی حقوق چاہیں تو قائد تحریک الطاف حسین بھائی کے فکر وفلسفہ کو اپنانا ہوگا اور تمام تر مسائل کے پیدا کردہ جاگیردارانہ سسٹم سے نجات حاصل کرنی ہوگی انہوں نے مزید کہا ایم کیو ایم وہ واحد جماعت ہے جس میں غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کو نمائندگی دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے مسائل کو بہتر طور پر حل کرسکیں اس موقع پر زونل ممبر وسابقہ حق پرست ڈسٹرکٹ نائب ناظم ڈاکٹر ظفر کمالی نے بھی خطاب کیا۔

## میر پورخاص زون کے انچارج واراکین کمیٹی وحق پرست رکن صوبائی اسمبلی کا زونل ممبر کے برادر نسبتی کے انتقال پر اظہار تعزیت

میر پورخاص:۔۔۔25 مئی،2012ء

میر پورخاص زون کے انچارج فرید احمد خان واراکین زونل کمیٹی اور حق پرست MPA فہیم احمد الطافی نے زونل ممبر شاہد احمد عباسی بھائی کے برادر نسبتی کے انتقال پر گہرے دُکھ اور دلی رنج وغم کا اظہار کیا انہوں نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

☆☆☆☆☆